# کورونا وائرس: نوزائیدہ بچوں کے والدین کے لئے معلومات

**اگرچہ اس کے خطرات بہت کم ہیں، لیکن پھر بھی ممکن ہے کہ آپ کو یہ فکر ہوجائے کہ آپ کے بچہ کو کورونا وائرس ہوسکتا ہے۔ یہ لیفلٹ (کتابچہ) آپ کو بتاتا ہے کہ آپ کو کیا فکر کرنی چاہئے۔ اگر آپ کو خدشات ہوں تو مدد حاصل کرنے کے لیے دیر نہ کریں۔**



## مجھے کیسے معلوم ہوگا آیا میرے بچہ کو کورونا وائرس ہے؟

وائرس سے متاثر بہت سے بچوں میں بیماری کی علامات ظاہر نہیں ہونگی اور وہ جلد مکمل صحتیاب ہوجائیں گے۔ بعض بچوں میں غیر مستحکم درجہ حرارت اور/ یا کھانسی کی علامت پیدا ہوسکتی ہے۔ انفیکشن سے متاثر بچوں کو ہمیشہ بخار نہیں ہوتا ہے۔

- **اگر آپ کے بچے کو کھانسی، بخار ہو یا غیرمعمولی طور پر گرمی یا سردی لگنا محسوس ہوتی ہو، لیکن بصورت دیگر وہ ٹھیک ہو، تو این ایچ ایس 111 پر فون کریں۔**
- اگر آپ کے بچے کو یرقان ہوگیا ہے یا وہ مناسب طور سے فیڈنگ نہیں کر رہا ہے تو اپنی مڈوائفری ٹیم سے رابطہ کریں
- اگر آپ کا بچہ کوئی علامت ظاہر کرتا ہے جو کہ ان کے سانس لینے، رنگ یا نقل و حرکت کرنے کے حوالے سے آپ کو فکر یا پریشانی ہے، تو آپ فوراً 999 پر فون کال کریں۔

(مزید معلومات 'نوزائیدہ بچوں میں بیماری' لیفلٹ میں دیکھیں)

## کیا میرے بچہ کو خطرہ ہے؟

پیدائش کے بعد بچے وائرس سے متاثرہ ہر فرد سے ممکنہ طور پر کورونا وائرس سے متاثر ہوسکتے ہیں، چاہے وہ شخص خود کو بیمار نہ بھی محسوس کرتا ہو۔ لہذا سفارش کی جاتی ہے کہ جس قدر یہ آپ کے لئے محفوظ ہو اپنے بچہ کو جلد از جلد گھر لے جائیں، اور خود-علحیدگی اختیار کرنے اور سماجی فاصلہ برقرار رکھنے کی حکومتی ہدایات پر عمل کریں۔

خصوصی طور پر کھانسی، بخار یا دیگر وائرل علامات جیسے ناک بہنا، الٹی ہونا یا اسہال کے حامل لوگوں سے آپ کو اپنے بچہ کو دور رکھنا چاہئے۔

## مدد کیسے کریں

**اپنے بچہ کے کورونا وائرس کے خطرے کو ذیل طریقے سے کم کریں:**

- بچہ، بریسٹ پمپس یا بوتلوں کو چھونے سے پہلے ہاتھ دھوئیں
- نیپی کو تبدیل کرنے کے بعد اور خاندان کے دوسرے افراد کے ساتھ ملنے کے بعد ہاتھ دھوئیں
- بچہ کو فیڈنگ کراتے وقت کھانسے یا چھینکنے سے اجتناب کریں
- ہر استعمال کے بعد پمپ کی صفائی کے لیے مجوزہ سفارشات پر عمل کریں
- اگر آپ کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے، تو اس فرد سے کہیں جو آپ کے بچے کو مناسب طور سے دودھ پلا سکے
- اگر بوتل استعمال کر رہے ہوں تو اسٹرلائزیشن کی گائیڈ-لائنز (رہنما-سطور) پر عمل کریں

← براہ کرم مزید معلومات کے لئے صفحہ پلٹیں

# کورونا وائرس: نوزائیدہ
# بچوں کے والدین کے لئے معلومات

## مڈوائف کے رابطہ کی تفصیلات

اپنی مڈوائف کے رابطہ کی تفصیلات ذیل میں لکھیں:

اگر آپ کے بچے قبل از وقت یا غیر صحتمند پیدا ہونے کے باعث، نیونیٹل یونٹ یا عبوری نگہداشت کے وارڈ میں رہے ہوں، تو  متعلقہ معلومات کی رسائی بھی بلس کی ویب سائٹ سے کریں:
**www.bliss.org.uk**

نوزائیدہ بچہ کے یرقان کے بارے میں عمومی معلومات کے لیے، نوزائیدہ بچہ کو فیڈنگ (دودھ پلانے میں دشواریاں اور بیماری کی دیگر علامات کے لیے www.nhs.uk وزٹ کر کے اور 'ایک بچہ میں بیماری' اور 'نوزائیدہ کا یرقان' کی تلاش کرکے مزید معلومات کی رسائی کی جاسکتی ہیں۔

اگر آپ اپنی مڈوائف (دائی) سے رابطہ کرنے سے قاصر ہوں، تو
کسی بھی غیر ہنگامی فکر و خدشات کے لیے آپ **NHS 111** پر بھی کال کرسکتے ہیں

## مزید معلومات کے لیے، براہ کرم ملاحظہ کریں
## www.nhs.uk/coronavirus